Assembly Quest ...

سوال نمبر 13052

منجانب: جناب سراج الدین صاحب، رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ

کیاوزیر جیلخانہ جات ارشاد فرمائیں گے کہ!

سوال	جواب
(الف) کمسن قیدیوں کی ذہنی، اخلاقی اور نفسیاتی بحالی کیلئے جیلوں میں بچوں کے لئے خصوصی بورسٹل انسٹیٹیوٹ قائم کرنے سے متعلق گزشتہ حکومتوں میں کام ہوا تھا۔؟	جی ہاں یہ درست ہے۔
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کی تفصیلات فراہم کی جائے نیز موجودہ حکومت کی اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے سے متعلق کوئی تجویز زیر غور ہے وضاحت کی جائے؟۔	i. بورسٹل انسٹیٹوٹ بنوں سال 07-2006 میں مبلغ 49.987 ملین کی خطیر رقم سے سنٹرل جیل بنوں کے حدود میں تعمیر کیا گیا تھا۔ ii. دوسرے بورسٹل انسٹیٹوٹ کی تعمیر 2010 میں سنٹرل جیل ہری پور کی حدود میں کام شروع کیا گیا۔ جس کے لیئے مبلغ 26.600 ملین کی لاگت سے پروگرام انصاف تک رسائی منصوبہ کے تحت منصوبہ منظور کیا گیا۔ 12.745 ملین کی لاگت سے 50 فیصد کام مکمل کیا گیا۔ تاہم انصاف تک رسائی منصوبہ کی منسوخی کی وجہ سے مزید فنڈ مہیا نہیں کیا گیا اور سکیم نامکمل رہ گئی۔ iii. بورسٹل ایکٹ 2012 کے تحت بورسٹل انسٹیٹوٹ محکمہ جیل خانہ جات کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا جسکی وجہ سے محکمہ جیل خانہ جات مذکورہ انسٹیٹوٹ کو فعال نہیں کرسکا۔